## سوال

(185) وحیدالزمان حیدرآبادی

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وحیدالزمان حیدرآبادی کے بارے میں آپ کی کیا تحقیق ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وحیدالزمان پہلے غالی مقلد، پھر نیم اہل سنت اور آخری عمر میں تفضیلی قسم کا شیعہ بن گیا تھا۔ وہ اہل حدیث کے نزدیک سخت ضعیف اور متروک الحدیث انسان ہے۔ وحیدالزمان پر اہل حدیث کی جرح کے لیے دیکھئے حیات وحیدالزمان از عبدالحلیم چشتی (ص ۱۰۱) مجموعہ رسائل ماسٹر محمد امین اوکاڑوی حیاتی دیوبندی (ج ۱ ص ٦، ج ۳ ص ۹۷) تجلیات صفدر (ج ۱ ص ٦۲۱)

وحیدالزمان کا عقیدہ تھا کہ عامی پر مجتہد یا مفتی کی (بغیر تعین کے) تقلید ضروری ہے۔ (نزل الابرار ص ۷)

وہ بعض صحابہ کو فاسق بھی کہتا تھا (ایضاج ۳ ص ۹۴) اعاذنا اللہ منہ

مختصر یہ کہ وحیدالزمان متروک الحدیث ہے اور اہل حدیث اس کے اقوال اور کتابوں سے بری ہیں۔

یہ علیحدہ بات ہے کہ دیوبندیوں کے نزدیک وحیدالزمان حیدرآبادی کا ترجمہ پسندیدہ ہے۔ محمد یحییٰ صدیقی، داماد شبیر احمد عثمانی دیوبندی لکھتے ہیں:

''چنانچہ طے ہوا کہ مولانا وحیدالزمان کا اردو ترجمہ دوسرے کالم میں دیا جائے۔ اس ترجمہ کی شمولیت میں بھی میرا مشورہ شامل ہے کیونکہ خود علامہ عثمانی کو یہ ترجمہ پسند تھا۔'' (فضل الباری شرح اردو، صحیح البخاری ج ۱ ص ۲۳)

مزید تحقیق کے لیے دیکھئے ماہنامہ الحدیث: ۲۳ ص ۳٦، ۴۰ اور ''امین اوکاڑوی کا تعاقب'' (طبع اول ص ۵۰، ۴۹)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)]

**ج2ص428**

محدث فتویٰ